ilmkidunya
علم کی دنیا

Civics - 9th Class Civics Urdu Medium Chapter 5 Preparation

Q1. اسلام نے بندوں کے حقوق کے بارے میں کیا تعلیم دی ہے.

Ans 1: اسلام نے بندوں کے حقوق کو فضیلت بخشی ہے او ان کو اللہ کے حقوق کی لازمی شرط قرار دیا ہے.

Q2. سفارتی نمائندے دوسرے ملک کیوں آتے ہیں.

Ans 1: سفارتی نمائندے کسی ملک سے سفارتی فرائض کو پورا کرنے کے لیے دوسرے ملک آتے ہیں.

Q3. دوہری شہریت کا مطلب کیاہے.

Ans 1: دوہری شہریت کا مطلب ہے کہ کوئی بچہ اپنے پیدا ہونے والے ملک اور آبائی ملک کا بیک وقت شہری ہونا.

Q4. ضبط نفس کے بارے میں لارڈ برائس نے کیا کہا ہے.

Ans 1: لارڈ برائس کے مطابق ضبط نفس اچھی شہریت کی خصوصیات ہے،

Q5. غیر ملکیوں کو ریاست کا شہری کیسے بنایا جاسکتا ہے.

Ans 1: غیر ملکیوں کو ریاست کا شہری قومی حقوق دے کر بنایا جاسکتا ہے.

Q6. اچھے شہری کے اوصاف بیان کریں.

Ans 1: زہانت - ضبط نفس - روشن ضمیر ہونا- حب الوطنی - تعلیم - صحت - خود اعتمادی اللہ کا خوف - احساس زمہ داری - اطاعت اور وفاداری - سیاسی وسماجی شعور

Q7. اسلامی ریاست میں شہریوں کی کتنی اقسام ہیں.

Ans 1: اسلامی ریاست میں شہری کی دو اقسام ہیں. مسلم شہری اور غیر مسلم شہری

Q8. باشندہ کسے کہتے ہیں.

Ans 1: باشندہ سے مراد وہ لوگ ہیں جو ریاست میں رہتے ہوں لیکن انہیں سیاسی حقوق حاصل نہ ہوں یعنی ووٹ اور انتخاب میں حصہ لینے کا حق نہیں ہوتا.

Q9. دنیا میں کن ممالک میں بچے کو آبائی حق کے طور پر شہریت حاصل ہوتی ہے.

Ans 1: پاکستان، جرمنی، سوئزرلینڈ، سویڈن، آسٹریلیا، اٹلی

Q10. بھارت نے حیدرآباد دکن پر کب قبضہ کیا.

Ans 1: بھارت نے حیدرآباد دکن پر 1948 میں قبضہ کیا.